Virtual ceremony for the launch of RuPay card Phase-II in Bhutan

November 19, 2020

بھوٹان میں روپے کارڈ کے دوسرے مرحلے کے آغاز کے لئے ورچول تقریب

19 نومبر، 2020

نئی دہلی، 19 /نومبر 2020 - روپے کارڈ فیز-II کے وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور بھوٹان کے وزیر اعظم لیون چین ڈاکٹر لوٹے شیرنگ کے ذریعے مشترکہ طور پر آغاز کے لئے 20 نومبر 2020 کو ایک ورچول تقریب منعقد کی جائے گی۔

وزیر اعظم کے اگست 2019 میں بھوٹان کے سرکاری دورے کے دوران بھارت اور بھوٹان کے وزرائے اعظم نے مشترکہ طور پر اس پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کا آغاز کیا تھا۔ بھوٹان میں روپے کارڈ کے پہلے مرحلے کے نفاذ سے بھوٹان کا دورہ کرنے والے بھارتیوں کو پورے بھوٹان میں اے ٹی ایم اور پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) ٹرمینلوں تک رسائی کی سہولت حاصل ہوئی تھی۔ روپے کارڈ کے دوسرے مرحلے سے اب بھوٹان کے کارڈ ہولڈر بھارت میں روپے نیٹورک تک رسائی حاصل کرسکیں گے۔

بھارت اور بھوٹان کے درمیان ایک خصوصی قسم کی شراکت داری ہے جو باہمی سمجھ و احترام پر مبنی ہے، جسے ایک مشترکہ ثقافتی وراثت اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط روابط سے مزید تقویت حاصل ہوئی ہے۔

نئی دہلی

19 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.